ذاتی جائزہ:22

نمبر شمار	اے ایمان والو! نبی ﷺ پر خوب صلوۃ وسلام بھیجو	ہاں	نہیں
1	میں رسول اللہ ﷺ اور ان کی آل کے لیے رحمت وسلامتی کی دعائیں کرتا / کرتی ہوں؟		
2	میں اس بات پر ایمان رکھتا / رکھتی ہوں کہ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں؟		
3	میں، رسول اللہ ﷺ سے محبت کرتا / کرتی ہوں؟		
4	میں اپنے ایمان کی تکمیل کے لیے سب لوگوں سے زیادہ نبی کریم ﷺ سے محبت کرتا / کرتی ہوں؟		
5	میں، رسول اللہ ﷺ کا نام پڑھتے ، سنتے اور لکھتے وقت درود پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
6	میں ایک بار درود وسلام پڑھنے کا اجر (دس رحمتوں کا نازل ہونا، دس درجات کی بلندی، دس نیکیاں کا لکھا جانا اور دس گناہوں کا مٹایا جانا) پانے کے لیے کثرت سے نبی کریم ﷺ پر درود وسلام بھیجتا / بھیجتی ہوں؟		
7	میں صرف رسول اللہ ﷺ سے ثابت شدہ مسنون درود پڑھتا / پڑھتی ہوں؟ میں خود سے بنائے ہوئے کوئی درود نہیں پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
8	میں جمعہ کے دن رسول اللہ ﷺ پر کثرت سے درود بھیجتا / بھیجتی ہوں؟		
9	میں اس یقین اور شوق کے ساتھ رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام بھیجتا / بھیجتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ فرشتے میرے نام کے ساتھ آپ ﷺ تک یہ درود پہنچائیں گے۔		
10	میں، رسول اللہ ﷺ کا اتباع کرنے کی پوری کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
11	میں، رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کی تصدیق کرتا / کرتی ہوں؟		
12	میں، رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت پر عمل کرنے اور اسے دوسروں تک پہنچانے کی کوشش بھی کرتا / کرتی ہوں؟		
13	میں، رسول اللہ ﷺ کی اور آپ ﷺ کے حکم کی تعظیم کرتا / کرتی ہوں؟		
14	میں اذان کو توجہ سے سننے کے بعد درود پڑھ کر رسول اللہ ﷺ کے لیے وسیلہ (مقام محمود) کی دعا مانگتا / مانگتی ہوں تاکہ روزِ قیامت رسول اللہ ﷺ کی شفاعت کا/کی مستحق بن سکوں؟		
15	میں مسجد میں داخل ہونے اور مسجد سے نکلنے کی دعاؤں سے پہلے درود وسلام پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
16	میں نماز جنازہ کی دوسری تکبیر کے بعد درود شریف پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
17	میں ہر نماز کے پہلے اور آخری تشہد میں درود شریف پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
18	میں دعا مانگنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرتا / کرتی ہوں؟ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام بھیجتا / بھیجتی ہوں؟ اور پھر دعا مانگتا / مانگتی ہوں؟		
19	میں مجلس کے آغاز پر پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرتا / کرتی ہوں اور پھر درود پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
20	میں، رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کے لیے کوئی خاص مجلس یا جگہ مقرر نہیں کرتا / کرتی ہوں؟		
21	میں بہت اونچی آواز میں اور گانے کے انداز میں درود نہیں پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
22	میں بے دھیانی، غفلت اور بے دلی کے ساتھ جلدی جلدی گنتی پوری کرنے کے لیے درود وسلام نہیں پڑھتا / پڑھتی ہوں؟		
23	میں، رسول اللہ ﷺ کا نام لکھنے میں غلطی نہیں کرتا / کرتی؟ میں نبی کریم ﷺ کا نام لکھتے وقت مکمل صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا / لکھتی ہوں؟		

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION